


آپ کا پارٹنر بینک

البرکہ بینک (پاکستان) لمیٹڈ

alBaraka

## البرکہ بینک (پاکستان) لمیٹڈ

البرکہ بینک (پاکستان) لمیٹڈ (ABPL) البرکہ بینکنگ گروپ (ABG) کا حصّہ ہے جو کہ خلیج کے خطے میں ایک نمایاں بین الاقوامی اسلامی بینک ہے۔ البرکہ بینکنگ گروپ کا مجاز سرمایہ ڈیڑھ ارب امریکی ڈالر ہے جبکہ اثاثوں کی اساس 22 ارب امریکی ڈالر اور مجموعی ایکویٹی (حصّہ) 2 ارب امریکی ڈالر ہے۔ یہ بحرین میں بطور بحرین جوائنٹ اسٹاک کمپنی اور NASDAQ دبئی اسٹاک ایکسچینج پر رجسٹرڈ ہے۔

البرکہ بینک (پاکستان) لمیٹڈ 80 ارب پاکستانی روپے سے زائد کے اثاثہ جات رکھتا ہے 1700 کی ماہر افرادی قوت کے ساتھ پاکستان بھر میں 94 شہروں میں 150 شاخوں کے نیٹ ورک کا بھی حامل ہے۔ البرکہ شرعی اصولوں سے ہم آہنگ پروڈکٹس کی رینج کے ساتھ صارفین کو اُن کی بینکاری ضروریات کے عین مطابق پروڈکٹس کی فراہمی کیلئے پُرعزم ہے۔

البرکہ بینک، ای ایف یو لائف۔ونڈو تکافل آپریشنز، کے اشتراک سے پیش کرتا ہے "سرپرست تحفظ پلان" ایک ایسا پلان جو آپ کو اس قابل بنائے کہ آپ اس کے ذریعے اپنے اور اپنے پیاروں کے مالیاتی تحفظ کا سامان کر سکیں اور ساتھ ہی یہ پلان آپ کے مختلف مالی اہداف میں معاون ہو۔

## تکافل ممبرشپ کیسے کام کرتی ہے؟

ای ایف یو لائف کا تکافل ماڈل وکالہ۔وقف کے اصولوں پر مبنی ہے جس میں معاشرے کے کچھ افراد ایک اجتماعی مقصد کیلئے یکجا ہوتے ہیں اور تکافل آپریٹر کے زیرِ انتظام وقف فنڈ میں پیسے جمع کرتے ہیں تاکہ خود کو مستقبل میں ہونے والے مالی نقصانات سے محفوظ کر سکیں۔

## سرپلس کی تقسیم:

یہ تکافل پلان شرکائے تکافل کو مالی خطرات کے تحفظ کے ساتھ ساتھ سرپلس کی تقسیم کی منفرد خصوصیت بھی پیش کرتا ہے۔ شرکائے تکافل وقف فنڈ میں تبرع کی بنیاد پر زرِ تکافل دے کر وقف کی شرائط کے مطابق سرپلس کی تقسیم میں بھی حصّہ دار ہو سکتے ہیں۔ ہر سال کے آخر میں، ای ایف یو لائف، اپنے شرعی مشیر اور مقرر کردہ ایکچوری کی منظوری سے قابلِ تقسیم سرپلس کا تعین کرے گی۔

## منافعِ تکافل کیا کیا ہیں؟

### وفات کی صورت میں ملنے والے منافعِ تکافل:

ممبرشپ کی مدّت کے دوران بدقسمتی سے شریکِ تکافل کی موت کا سانحہ پیش آجائے تو درج ذیل منافعِ تکافل واجب الادا ہوں گے:

- وقف فنڈ/ پی ٹی ایف (PTF) سے ملنے والی رقم*
- سرمایہ کاری اکاؤنٹ ر پارٹیسپینٹس انویسٹمنٹ اکاؤنٹ (PIA) میں موجود کیش ویلیو
- فنڈ ایکسیلریشن زرِتکافل (FAC)؛ میں موجود کیش ویلیو

*(وقف فنڈ سے اتنی رقم دی جائے گی جتنی رقم سم کورڈ سے سرمایہ کاری اکاؤنٹ کی رقم منہا کر کے بچتی ہو)۔

### پالیسی کے اختتام پر دیے جانے والے منافعِ تکافل:

پالیسی کے اختتام پر جبکہ شریکِ تکافل ابھی بقیدِ حیات ہو، درج ذیل منافع واجب الاداء ہوں گے:

- سرمایہ کاری اکاؤنٹ (PIA) میں موجود کیش ویلیو، مع
- سرمایہ کاری اکاؤنٹ (PIA) میں فنڈ ایکسلریشن زرِتکافل کی کیش ویلیو؛

## کیا کوئی اضافی فوائد بھی ہیں؟

پلان میں کئی ضمنی فوائد بھی منسلک ہیں تا کہ تکافل تحفظ کو مزید سودمند بنایا جا سکے۔ ان ضمنی فوائد میں درج ذیل بھی شامل ہیں:

- ایڈیشنل ٹرم تکافل

  اس منفعت کے ذریعے وفات کی صورت میں تکافل کی کوریج ایک اضافی رقم کی صورت میں بڑھ جاتی ہے۔

- تکافل فیملی انکم بینیفٹ

  اس فائدے یعنی بینیفٹ سے پلان کی مدّت کے دوران شریکِ تکافل کی ناگہانی موت کی صورت میں اہل خانہ کیلئے ماہانہ آمدن کی ادائیگی کو یقینی بنایا جائے گا۔

- حادثاتی موت کی صورت میں دیے جانے والے منافعِ تکافل*

  اس منفعت کے تحت حادثاتی موت کی صورت میں ایک اضافی رقم فراہم کی جاتی ہے۔

- حادثاتی موت اور معذوری کی صورت میں دیے جانے والے منافعِ تکافل*

  اس منفعت کے تحت حادثاتی موت یا معذوری کی صورت میں ایک اضافی رقم فراہم کی جاتی ہے۔

- زرِ تکافل کی معافی

  شریکِ تکافل کی بیماری یا معذوری کی وجہ سے بیروزگار ہونے کی صورت میں زرِ تکافل ای ایف یو لائف کے وقف فنڈ/ پی ٹی ایف سے ادا کیا جائے گا۔

*توجہ: حادثاتی موت کے دو منافعِ تکافل میں سے صرف ایک کا انتخاب کیا جا سکتا ہے۔

## عمومی طور پر پوچھے جانے والے سوالات

### تکافل پلان میں شرکت کی درخواست کون کر سکتا ہے؟

- 18 سے 65 سال کے افراد، تاہم پالیسی کے اختتام کے وقت عمر 75 سال سے زائد نہیں ہو سکتی۔
- معاملہ تکافل کی مدّت 10 اور 25 سال کے درمیان کی اختیار کی جا سکتی ہے۔
- کم سے کم سالانہ زرِ تکافل 20 ہزار روپے ہے۔

## ایلوکیشن فیصد کتنی ہوگی؟

سال بہ سال ایلوکیشن فیصد کیلئے ذیل کا جدول ملاحظہ فرمائیں:

| ایلوکیشن | پالیسی سال |
|---|---|
| 30% | 1 |
| 80% | 2 |
| 93% | 3 |
| 100% | 4 اور 5 |
| 103% | 6 تا 10 |
| 105% | 11 تا 15 |
| 107% | 16 تا 20 |
| 110% | 21 تا 25 |

زرِ تکافل سے ایلوکیشن فیس (جو کہ وکالۃ الاستثمار فیس کا حصّہ ہے) منہا کرنے کے بعد "ایلوکیشن فیصد" کا تعین کیا جاتا ہے۔ بقیہ اخراجات (وکالۃ الاستثمار فیس) مذکورہ بالا "ایلوکیشن فیصد" سے منہا کیے جاتے ہیں اور جو بچ جائے اُسے سرمایہ کاری اکاؤنٹ/ پی آئی ایف میں سرمایہ کاری کیلئے مختص کر دیا جاتا ہے۔

## تبرع برائے وقف:

شریکِ تکافل کی عمر اور تکافل کور کو مدِّ نظر رکھتے ہوئے زرِ تکافل سے کچھ رقم وقف فنڈ (پی ٹی ایف) میں منتقل کی جائے گی۔

## فنڈ ایکسلریشن زرِ تکافل (FAC):

سرمایہ کاری اکاؤنٹ میں اضافہ کیلئے فنڈ ایکسلریشن زرِ تکافل (FAC) کسی بھی وقت ادا کیا جاسکتا ہے۔

جس کی کم سے کم رقم -/20 ہزار روپے فی ادائیگی ہے۔

## کون سے چارجز/ وکالۃ الاستثمار فیس لاگو ہوگی؟

ایلوکیشن فیس (جو کہ وکالۃ الاستثمار فیس کا حصہ ہے) عائد کی جائے گی، اس کے بعد بقیہ زرِ تکافل مذکورہ بالا ایلوکیشن فیصد کے برابر ہوگا۔

-/1500 روپے سالانہ ایڈمنسٹریشن چارج (جو کہ وکالۃ الاستثمار فیس کا حصہ ہے) وصول کیا جائے گا۔

ایلوکیشن فیصد کا پانچ فیصد "بڈ آفر اسپریڈ" (جو کہ وکالۃ الاستثمار فیس کا حصہ ہے) کے طور پر وصول کیا جائے گا۔

سرمایہ کاری فنڈ میں سے ڈیڑھ فیصد سالانہ انویسٹمنٹ مینجمنٹ فیس (جو کہ وکالۃ الاستثمار فیس کا حصہ ہے) کے طور پر وصول کیے جائیں گے۔ یہ فیس بھی ہر سال وصول کی جائے گی۔

## میں اپنی بچت تک رسائی کیسے حاصل کرسکتا ہوں؟

خدانخواستہ آپ کے حالات تبدیل ہو جاتے ہیں اور آپ کو نقد رقم کی ضرورت درپیش ہو، تو آپ کسی بھی وقت سرمایہ کاری کاؤنٹ/ پارٹیسپنٹس انویسٹمنٹ اکاؤنٹ (PIA) میں سے پوری نقد مالیت/کیش ویلیو نکلوا سکتے ہیں۔ از راہِ کرم یاد رکھیں کہ شروع کے برسوں میں مالیت بہت کم ہو سکتی ہے کیونکہ یہ پلان دوررس مالی ضروریات کے لحاظ سے تشکیل دیا گیا ہے۔

رقم نکالنے کی صورت میں سرمایہ کاری اکاؤنٹ میں بقایا -/25 ہزار روپے کی کیش ویلیو ہونا ضروری ہے۔

## منافعِ تکافل کی مزید وضاحت ایک مثال سے:

| | |
|---|---|
| عمر | 35 سال |
| ایک سے زیادہ تحفظ | 20 |
| مدت | 25 سال |
| شراکت | 50 ہزار روپے |
| مجموعی بیمہ | 10 لاکھ روپے |

یہ رقم ممکنہ نفع کی بنیاد پر تحریر کی گئی ہے، اصل دارومدار حقیقی منافع پر ہوگا۔ دیگر شرائط بھی عائد ہیں۔

| پالیسی سال | 6% سالانہ متوقع شرح منافع | | 8% سالانہ متوقع شرح منافع | | 10% سالانہ متوقع شرح منافع | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | اصل پلان کا فائدہ ارتحال | باقاعدہ قسط کی نقد مالیت | اصل پلان کا فائدہ ارتحال | باقاعدہ قسط کی نقد مالیت | اصل پلان کا فائدہ ارتحال | باقاعدہ قسط کی نقد مالیت |
| 5 | 1,000,000 | 198,100 | 1,000,000 | 208,295 | 1,000,000 | 218,930 |
| 10 | 1,000,000 | 508,631 | 1,000,000 | 563,350 | 1,000,000 | 624,281 |
| 15 | 1,000,000 | 902,746 | 1,059,339 | 1,059,339 | 1,245,718 | 1,245,718 |
| 20 | 1,406,620 | 1,406,620 | 1,750,934 | 1,750,934 | 2,190,726 | 2,190,726 |
| 25 | 2,043,465 | 2,043,465 | 2,707,120 | 2,707,120 | 3,620,855 | 3,620,855 |

قابلِ تنبیہ امور:

- یہ پروڈکٹ ای ایف یولائف- ونڈو تکافل آپریشنز کی ہے۔ یہ پروڈکٹ البرکہ بینک یا اس کی کسی ذیلی کمپنی کی نہیں اور نہ ہی البرکہ بینک اس کا ضامن ہے۔ ای ایف یولائف ہی اس سے وابستہ تمام امور کا ذمّے دار ہے
- البرکہ بینک محض اپنے گرانقدر صارفین کیلئے اس پروڈکٹ کی تشہیر اور تقسیم کر رہا ہے
- تکافل پالیسیز سے متعلق تمام تر تکافل کلیمز، چارجز اور ادائیگیوں کیلئے ای ایف یولائف ہی واحد اور انفرادی طور پر ذمّے دار ہوگا
- ایس ای سی پی کے حکم کے مطابق، درج بالا رقوم 6، 8 اور 10 فیصد متوقع سالانہ شرح منافع کے اعتبار سے فرض کی گئی ہیں۔ تاہم اصل مالیت کا انحصار ای ایف یو تکافل گروتھ فنڈز میں کی گئی سرمایہ کاری کی کارکردگی پر ہے اور اصل مالیت درج بالا وضاحت کے مقابلے میں کم یا زیادہ ہوسکتی ہے۔ منتخب کردہ فنڈ میں سرمایہ کاری کے خدشات بہرحال پالیسی کے حامل فرد ہی کو برداشت کرنے ہوں گے
- پلان کے تحت حاصل ہونے والے زرِ تکافل کے ایک حصّہ کو تکافل گروتھ فنڈز میں سرمایہ کاری کیلئے مختص کیا جائے گا
- فنڈ کی آئندہ کارکردگی کا لازمی دارومدار پچھلی کارکردگی پر نہیں ہوتا۔ دی جانے والی تفصیلات کا مقصد نہ مستقبل کی کوئی پیشگوئی ہے اور نہ ہی فنڈ کی آئندہ کی کارکردگی کی طرف کوئی اشارہ ہے اور نہ ہی ای ایف یولائف- ونڈو تکافل آپریشنز یا البرکہ بینک اس قسم کی کسی چیز کے ذمّے دار ہوں گے
- فوائد کی انفرادی وضاحت ہمارے کنسلٹنٹ کی طرف سے آپ کیلئے فراہم کی جائے گی از راہِ کرم مختلف شرائط اور ضوابط کی تفصیلی وضاحت حاصل کرنے کیلئے پالیسی دستاویز کا مطالعہ کریں؛ آپ کی جانب سے پلان کے شرائط و ضوابط کی مکمل تفہیم مطلوب ہے

برانچ نیٹ ورک (94 شہروں میں 150 شاخیں)

alBaraka

البرکہ بینک (پاکستان) لمیٹڈ

111-113-442 | www.albaraka.com.pk

HEMAYAH
EFU FAMILY TAKAFUL

efu
LIFE
Zaroori Hai

**Head Office Address**
37- K, Block 6, PECHS, Karachi – 75400 Pakistan
Phone: +92-21-111-EFU-111 (111-338-111)
Fax: +92-21-34535079 web http://www.efulife.com

efu LIFE Zaroori Hai

HEMAYAH
EFU FAMILY TAKAFUL

بسم الله الرحمن الرحيم

# CERTIFICATE OF SHARIAH COMPLIANCE

## FOR EFU LIFE ASSURANCE LTD – WINDOW TAKAFUL OPERATIONS

In the capacity of Shariah Advisor of EFU Life Assurance Ltd – **Window Takaful Operations,** I certify that I have reviewed the structure of **Sarparast Tahafuz Plan** which is being distributed by **Al Baraka Bank** and riders which are based on the **Wakalah-Waqf** takaful model. I have also examined all relevant processes and documents including the Participants Membership Documents. In addition I have reviewed in detail the investments with regard to all Takaful funds.

Based on Shariah rulings and to the best of my knowledge and belief, the **Window Takaful Operations** of EFU Life Assurance Ltd including Individual and Group Family Takaful products and riders, investments of all Takaful funds, relevant documents and processes are compliant from all aspects of Shariah.

In my opinion, it is permissible from the Shariah point of view to obtain Membership in this product and benefit from it.

Mufti Muhammad Ibrahim Essa
Shariah Advisor

مفتی
محمد ابراہیم عیسیٰ
شریعہ ایڈوائزر
حمایہ
ای ایف یو لائف۔ ونڈو تکافل آپریشنز